# نقد و نظر



ادارہ

## واصف الخصائل فی شرح الشمائل المعروف شمائل صغریٰ

مولانا محمد سفیان بلند صاحب ۔صفحات: ۲۰۸۔ قیمت: درج نہیں ۔ ملنے کا پتہ: اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی ۔

حضرت مولانا محمد سفیان بلند جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے فاضل، جامعہ دارالہدیٰ گلستان جوہر کے متخصص اور حضرت بھائی واصف منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مرید و مسترشد ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اچھی اچھی کتابیں تالیف کرنے کا بہت ہی عمدہ ذوق ودیعت فرمایا ہے۔

زیر نظر کتاب درحقیقت امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی شمائل کی تشریح وتوضیح ہے۔ مؤلف نے اس میں درج ذیل امور کا اہتمام کیا ہے:

ا:...... احادیث مبارکہ کے مشکل الفاظ کے معانی کو ذکر کیا ہے۔ ۲:...... احادیث میں بظاہر اگر تعارض معلوم ہوا ہے تو اس کو مختصر انداز میں رفع کیا ہے۔ ۳:...... اقوال مختلفہ میں راجح اور قابل عمل قول کو اختیار کیا ہے۔ ۴:...... اکثر مضامین اکابر کے کلام اور اساتذۂ حدیث کے دروس سے لیے گئے ہیں اور خود رائی سے احتراز کیا ہے۔

بہرحال یہ کتاب ''دریا بکوزہ'' کا مصداق اور ہر گھر کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس سعی وکوشش کو قبول فرمائے اور قارئین کے لیے اس کتاب کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا ذریعہ بنائے۔

## ملفوظاتِ امام اہل سنتؒ

مولانا عبدالقیوم قاسمی ۔صفحات: ۵۰۶۔ قیمت: درج نہیں ۔ ناشر: اسلامی کتب خانہ بالمقابل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ ان چنیدہ اشخاص میں سے ہیں جن کی ساری زندگی، درس وتدریس، تعلیم وتعلم، تصنیف وتالیف اور ذکر و بیان میں گزری ہے، جہاں

آپ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں طلبہ کرام کو درسِ حدیث دیا کرتے تھے، وہاں اپنی مسجد گکھڑ منڈی میں عوام الناس کو درسِ قرآن سے بھی فیض یاب فرمایا کرتے تھے، جو کہ ٹھیٹھ پنجابی زبان میں ہوتا تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے حضرت امام اہل سنت کے مرید، مخلص خادم جناب میر لقمان اللہ میر صاحب کو کہ انہوں نے حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہ کے زیرنگرانی پنجابی زبان سے اردو کے قالب میں ڈھالنے کے بعد ذخیرۃ الجنان فی تفسیر القرآن کے نام سے کتابی شکل میں چھاپ دیا، جس کی غالباً بیس جلدیں چھپ چکی ہیں۔ ہنوز تکمیل باقی ہے۔

زیرتبصرہ کتاب کے مؤلف مولانا عبدالقیوم قاسمی جنہوں نے شعبان ورمضان میں حضرت امام اہل سنت رحمۃ اللہ علیہ سے ترجمۂ قرآن وتفسیر پڑھا تھا، انہوں نے آپ کی مذکورہ بالا تفسیر سے حضرتؒ کے ملفوظات کے جواہر پارے چن چن کر قارئین کے لیے ایک خوبصورت مالا تیار کردی ہے، جو کہ بہت سے فوائد، اور علمی نقاط پر مشتمل ہے۔ مدرسین حضرات، علمائے کرام، خطباء عظام، عزیز طلبہ اور عامۂ مسلمین کے لیے یہ کتاب نعمتِ غیرمترقبہ سے کم نہیں۔

کتاب میں پروف کی غلطیاں کثرت سے نظر آئیں، غالباً کمپوزر کی غلطی یا کسی اور وجہ سے کئی جگہ عبارتیں بھی رہ گئی ہیں۔ امید ہے کہ اگلے ایڈیشن میں ان کی تصحیح کی طرف مکمل توجہ کی جائے گی۔

## حسن الاخیار اردو شرح نورالانوار

حضرت مولانا محمد یونس المنتصر صاحب۔ صفحات: ۵۴۴۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: اسلامی کتب خانہ بالمقابل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

درس نظامی میں نورالانوار شرح منار اصول فقہ کی مشہور کتاب ہے، جو کہ وفاق المدارس العربیہ کے نصاب کے درجہ رابعہ میں پڑھائی جاتی ہے، چونکہ اس سے پہلے اصول فقہ کی صرف ایک کتاب اصول الشاشی طلبہ نے پڑھی ہوتی ہے، کما حقہ انہیں اس ضمن میں آگاہی نہیں ہوتی، اس لیے نورالانوار بھی انہیں مشکل لگتی ہے، اس لیے کئی حضرات نے اپنے اپنے انداز میں اس کتاب کی شروح لکھ کر اس کی خدمت کی ہے۔

زیرنظر کتاب بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے، جس کو مولانا محمد یونس صاحب زید لطفہٗ فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن نے تالیف کیا ہے۔ کتاب کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

۱: ...... کتاب کے شروع میں فقہ اور اصول فقہ پر ایک جان دار اور پرمغز مقدمہ تحریر کیا گیا ہے، جو کہ کئی اشکالات اور اعتراضات کا مؤثر جواب بھی ہے۔

۲: ...... عربی عبارت کی ہر سطر کا تحت اللفظ اردو ترجمہ لکھا گیا ہے۔

۳: ...... جہاں جہاں عربی عبارت پر اعراب کی ضرورت تھی، وہاں اعراب لگائے گئے ہیں۔

۴:...... ہر ہر مسئلہ کی مختصر مگر جامع شرح کی گئی ہے۔

۵:...... ہر بحث کے آخر میں اس کا خلاصہ دیا گیا ہے۔

۶:......اس ضمن میں قیاس ایک مشکل بحث سمجھی جاتی ہے، اس کا خلاصہ بھی آخر میں نقل کیا گیا ہے۔

۷:......اور مزید یہ کہ اضافی عنوانات بھی اس کتاب پر آویزاں کیے گئے ہیں۔

کتاب کا ٹائٹل بہت خوبصورت ہے، لیکن کتاب کا کاغذ بالکل معیاری نہیں ہے۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا بھی خیال رکھا جائے گا۔

## التقریر الحاوی اردو شرح التفسیر البیضاوی

افادات: حضرت مولانا سید فخر الحسن صاحب سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند۔ جمع وترتیب: حضرت مولانا شکیل احمد صاحب، فاضل جامعہ دار العلوم دیوبند۔ صفحات: ۷۷۰۔ قیمت: درج نہیں۔ ناشر: اسلامی کتب خانہ بالمقابل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی۔

تفسیر بیضاوی علم تفسیر کی ایک مشہور کتاب ہے، اس کی کئی شروحات منصۂ شہود پر ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی ان میں سے ایک بہترین اضافہ ہے۔ یہ کتاب پہلے ہندوستان میں چھپ چکی ہے۔ پاکستان میں اس کی اشاعت کی اجازت اسلامی کتب خانہ کے کارپردازان کو دی گئی ہے، جنہوں نے اس کو نئے انداز میں شائع کیا ہے۔ کتاب کے مقدمہ میں اس جدید کام کا تعارف یوں کرایا گیا ہے:

''......توفیق الٰہی سے مکمل متن پر اعراب، کلام عرب اور اشعار سے شواہد کی وضاحت، پیرگراف جو پہلے تسلسل کے ساتھ طوالت کے باعث طبیعت پر گرانی اور اکتاہٹ کا سبب ہونے لگتے تھے، اب مناسب تقسیم کے ذریعہ اس الجھن کو دور کر دیا گیا ہے۔ تفسیر وتشریح جو پہلے کہیں کی کہیں ہوتی تھی، اب بحمدہٖ تعالیٰ اپنے اپنے مقام پر ہی ملے گی۔ عربی واردو جملوں میں امتیاز کے لیے فاؤنٹ کی تبدیلی کا پوری کتاب میں اہتمام کیا گیا، تاہم کہیں کہیں عدم ضرورت کی بنا پر اس اہتمام کو ترک بھی کیا گیا۔ بعض مقامات پر علمی تشنگی دور کرنے کے لیے مختصر اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ نیز یہ مژدہ بھی کہ اب کی بار ترجمہ تحت العبارۃ (بقدر امکان، چونکہ مصنف کا انداز بامحاورہ ترجمہ کرنے کا ہے، جس میں تحت اللفظ ترجمہ ملنا مشکل ہونا ظاہر ہے) اور جدید ومناسب عنوانات کا اضافہ ہو رہا ہے جو یقیناً ''التقریر الحاوی'' کے قارئین کے لیے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ ان شاء اللہ! ایک اور بات جس کی طرف اشارہ ضروری ہے، وہ یہ کہ حصہ چہارم میں اکثر جگہ ترجمہ کے ضمن میں تشریح بھی آ گئی ہے، جس کے لیے الگ سے عنوان قائم کرنا مشکل ہونے کے ساتھ ساتھ اس قدر ضروری بھی نہ تھا، لہٰذا اس کی رعایت نہیں رکھی گئی۔''

کتاب کا کاغذ، کمپوزنگ، بائنڈنگ، جلد بندی بہت عمدہ انداز میں ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ناشرین کی اس سعی کو قبول فرمائیں۔ اور اس کتاب کو طلبہ کے لیے نافع عام بنائے۔